# بعدالت جناب سنئیر سول جج صاحب جہلم

صغیر احمد ولد محمد شریف
قوم مغل برلاس ساکن بیگ پور
تحصیل و ضلع جہلم
(مدعی)

## بنام

۱۔ امتیاز احمد ولد عبدالرحیم
قوم راجپوت ساکن سنگوئی
تحصیل و ضلع جہلم

۲۔ شفقات احمد ولد عبدالرحیم
ساکن حال U.K بذریعہ مختار عام
عرفان رشید ولد محمد رشید
ساکن میانہ کوٹھہ تحصیل دینہ ضلع جہلم

۳۔ SHO تھانہ صدر جہلم
(مدعاعلیہم)

دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی وتاکیدی بدیں مضمون کہ مدعی مالک وقابض اراضی تعدادی 5 مرلے محدود بحدود ذیل مشرق مکان عمر، مغرب حویلی 4 مرلے و مکان 9 مرلے (ھبہ رجسٹری نمبر 170 والا) زیر قبضہ صغیر احمد (مدعی)، شمال گلی شارع عام، جنوب مکان محمد اشرف واقع اندر آبادی دیہہ موضع بیگ پور تحصیل و ضلع جہلم آباؤ اجداد سے ہے۔ مدعا علیہم خلاف قانون، سینہ زوری سے بدوں قانونی استحقاق مکان متدعویہ میں مخل ہونے، مکان متدعویہ کی حیثیت و نوعیت تبدیل کرنے، اور قبضہ مدعی میں مداخلت کرنے یا کسی بھی طریقہ سے مداخلت کرنے سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے باز و ممنوع رہیں۔

جناب عالی! مدعی حسب ذیل عرض گزار ہے۔

۱۔ یہ کہ مدعی ساکن بیگ پور تحصیل و ضلع جہلم کا آباؤ اجداد سے مستقل رہائشی و سکونتی ہے۔

۲۔ یہ کہ مدعی مالک قابض اراضی تعدادی 5 مرلے محدود بحدود ذیل مشرق مکان عمر، مغرب حویلی 4 مرلے و مکان 9 مرلے (ھبہ رجسٹری نمبر 170 والا) زیر قبضہ صغیر احمد (مدعی)، شمال گلی شارع عام، جنوب مکان محمد اشرف واقع اندر آبادی دیہہ موضع بیگ پور تحصیل و ضلع جہلم آباؤ اجداد سے ہے۔

AnyScanner

۳۔ یہ کہ مدعا علیہم نمبر 2,1 کی والدہ کے حق میں ایک ہبہ نامہ ہوا۔ جس کے تحت مکان تعدادی 9 مرلے اور 4 مرلے، جائے سفیدہ کی ملکیت منتقل ہونا ظاہر کی گئی جو اس 9 مرلے مکان اور 4 مرلے سفیدہ جو ملحقہ ہیں اور 13 مرلے اراضی معہ مکان و حویلی جس پر مدعی قابض ہے اور رہائش پذیر ہے جبکہ اس رقبہ 13 مرلے کے جانب مشرق اراضی سفیدہ 5 مرلے جو اولاً عبداللہ جو مدعی کے دادا کے ماموں تھے اور لاولد فوت ہوئے ان کی جو اراضی جائے سفیدہ تعدادی 5 مرلے والدم محمد شریف کے حصہ میں آئی اور وہ اراضی متدعویہ پر قابض ہو گئے اس وقت سے آج تک قبضہ والدم اور اب مدعی کا ہے۔ مدعا علیہم کا کوئی تعلق واسطہ اراضی متدعویہ سے نہ ہے۔ اس اراضی پر مدعی نے سال 21-2020 میں نیا مکان تعمیر کیا چونکہ 9 مرلے مکان اور 4 مرلے جائے سفیدہ ھبہ والی کا دعویٰ دخلیابی مدعا علیہم نمبر 2,1 نے برخلاف مدعی دائر کر رکھا تھا۔ جس کی وجہ سے مدعی نے علیحدہ 5 مرلے پر مکان تعمیر کیا کہ اگر 9 مرلے مکان اور 4 مرلے حویلی ھبہ والی عدالت کے کہنے پر مدعا علیہم نمبر 2,1 کو دینا پڑی تو اپنی رہائش نئے تعمیر شدہ اپنے مکان میں رکھے گا۔ جس میں عارضی طور پر مدعی نے تنویر ولد شبیر احمد ساکن بیگ پور کو عارضی رہائش کے لیے دے رکھا ہے جو اپنی فیملی کے ساتھ رہتا ہے۔

۴۔ یہ کہ مدعا علیہم نمبر 2,1 نے برخلاف مدعی ایک دعویٰ بابت ہبہ اراضی بحق والدہ مدعا علیہم نمبر 2,1 کے سلسلہ میں ایک دعویٰ دخلیابی برخلاف مدعی دائر کر رکھا تھا۔ جو اراضی متدعویہ اس ھبہ والے مکان و اراضی کے جانب مشرق ہے جس سے مدعا علیہم کا کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔ مدعا علیہم جو انتہائی با اثر اور سینہ زور شخص ہے اب اس ہبہ کی آڑ میں مدعی کی ملکیتی و مقبوضہ رقبہ تعدادی 5 مرلے میں ہبہ کی آڑ میں مداخلت کر رہا ہے جس کو ایسا کرنے کا کوئی قانونی و اخلاقی جواز حاصل نہ ہے۔ صرف مدعی کو بلیک میل کرنے اور مالی طور پر زیر بار کرنے کے لیے اور ذہنی طور پر پریشان کرنے کے لیے اراضی متدعویہ کی تعمیرات میں مخل ہو کر مدعی کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا رہا ہے۔ جبکہ اب مورخہ 04.02.2023 کو بعدالت جناب مہوش شہزادی صاحبہ سول جج جہلم کی عدالت سے واپس لے لیا ہے اور اب ہبہ والا مکان 9 مرلے اور 4 مرلے جائے سفیدہ کے ساتھ ساتھ مدعی کی اپنی 5 مرلے اراضی پر تعمیر شدہ نیا مکان مدعا علیہ نمبر 3 کے ساتھ ملی بھگت کر کے زبردستی قبضہ کرنے کے درپے ہیں اگر وہ ایسا کرنے میں کامیاب ہو گئے تو مدعی کو ناقابل تلافی نقصان ہوگا۔ جبکہ مدعا علیہم نمبر 2,1 موضع بیگ پور میں ہبہ والا مکان اور سفیدہ جگہ تعدادی 13 مرلے کے علاوہ ایک انچ کے بھی مالک نہ ہیں۔

۵۔ یہ کہ ہر چند مدعا علیہم کو کہا اور کہلوایا گیا کہ وہ مدعی کے نئے مکان تعدادی 5 مرلے جو اس ھبہ والے مکان 9 مرلے و اراضی سفیدہ 4 مرلے کے جانب مشرق ہے جس سے مدعا علیہم کا کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔ مدعا علیہم جو انتہائی با اثر اور سینہ زور شخص ہے اب اس ہبہ کی آڑ میں مدعی کی ملکیتی و مقبوضہ مکان تعدادی 5 مرلے میں ہبہ کی آڑ میں مداخلت کر رہے ہیں جس کو ایسا کرنے کا کوئی قانونی و اخلاقی جواز حاصل نہ ہے صرف مدعی کو بلیک میل کرنے اور مالی طور پر زیر بار کرنے کے لیے اور ذہنی طور پر پریشان کرنے کے لیے مکان متدعویہ کے قبضہ میں مخل ہونے، اس کی حیثیت و نوعیت تبدیل کرنے سے باز و ممنوع رہیں مگر وہ از خود ایسا کرنے سے انکاری ہیں۔

۶۔ یہ کہ مدعی نے دعویٰ حکم امتناعی دائر کر رکھا تھا جو مورخہ 04.02.2023 کو بصیغہ جدید دائری واپس لے کر دعویٰ ہذا دائر کیا جا رہا ہے۔

۷۔ یہ کہ بنائے دعویٰ و بنائے مخاصمت آخری انکار مدعا علیہم تین یوم قبل پیدا ہوئی جو تا حال جاری ہے۔

۸۔ یہ کہ رہائش فریقین و اراضی متدعویہ اندر حدود تحصیل و ضلع جہلم ہے لہذا عدالت ہذا کو اختیار سماعت دعویٰ ہذا حاصل ہے۔

۹۔ یہ کہ مالیت دعویٰ بغرض کورٹ فیس و اختیار سماعت -/5000 روپے مقرر کی جاتی ہے جو کہ کورٹ فیس سے مستثنیٰ ہے۔

اندریں حالات استدعا ہے کہ دعویٰ مدعی بمطابق متن و عنوان عرضی دعویٰ بحق مدعی برخلاف مدعا علیہم ڈگری فرمایا جائے۔ نیز دیگر دادرسی جو قرین انصاف عدالت جناب ہو عطا فرمائی جائے۔

عرضـــــــــــــــــــــے

صغیر احمد ولد محمد شریف قوم مغل برلاس ساکن بیگ پور تحصیل و ضلع جہلم (مدعی)

تصدیق:

من مظہر حلفاً تصدیق کرتا ہے کہ مندرجات عرضی دعویٰ ہذا مظہر کے بہترین علم و یقین سے بالکل درست ہیں اور کوئی امر مخفی یا پوشیدہ نہ رکھا گیا ہے۔ مورخہ:

الـــــــــعبـــــــد

بذریعہ کونسل: راجہ شاہد محمود ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، جہلم

AnyScanner

# بعدالت جناب سنئیر سول جج صاحب جہلم

صغیر احمد ولد محمد شریف
قوم مغل برلاس ساکن بیگ پور
تحصیل و ضلع جہلم
(سائل)

**بنام**

۱۔ امتیاز احمد ولد عبدالرحیم
قوم راجپوت ساکن سنگوئی
تحصیل و ضلع جہلم

۲۔ شفقات احمد ولد عبدالرحیم
ساکن حال U.K بذریعہ مختار عام
عرفان رشید ولد محمد رشید
ساکن میانہ کوٹھہ تحصیل دینہ ضلع جہلم

۳۔ SHO تھانہ صدر جہلم
(مسئول علیہم)

<u>دعویٰ حکم امتناعی دوامی و تاکیدی</u>

<u>درخواست زیر آرڈر 39 رول 2,1 ض د بمراد اجراء حکم امتناعی عارضی تا فیصلہ مقدمہ</u>

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض گزار ہے۔

۱۔ یہ کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت حضور میں دائر کر دیا گیا ہے۔ درخواست ہذا کو ہمراہ عرضی دعویٰ پڑھا جانا ضروری و قرین انصاف ہے۔

۲۔ یہ کہ توازن سہولت بحق سائل ہے۔

۳۔ یہ کہ مقدمہ سائل مبنی بر ٹھوس حقائق ہے۔ جسکے ڈگری ہونے کے قوی امکانات ہیں۔

۴۔ یہ کہ مسئول علیہم نمبر 2,1 بذریعہ مسئول علیہ نمبر 3 سائل کے مکان متدعویہ کے قبضہ میں مداخلت کرنے اور اس کی حیثیت و نوعیت تبدیل کرنے کے درپے ہیں اگر مسئول علیہم ایسا کرنے میں کامیاب ہو گئے تو سائل کو ناقابل تلافی نقصان ہو گا۔

اندریں حالات استدعا ہے کہ درخواست ہذا کو منظور فرماتے ہوئے حکم امتناعی عارضی تا فیصلہ مقدمہ بدیں مضمون جاری فرمایا جائے کہ مسئول علیہم سائل کے مکان متدعویہ کے قبضہ میں مداخلت کرنے اور اس کی حیثیت و نوعیت تبدیل کرنے سے باز و ممنوع رہیں۔

عـــــــــرضـــــــــے

صغیر احمد ولد محمد شریف قوم مغل برلاس ساکن بیگ پور تحصیل و ضلع جہلم (سائل)

بذریعہ کونسل: راجہ شاہد محمود ایڈووکیٹ ہائی کورٹ جہلم

AnyScanner

TWO RUPEES
Rs. 2
۲ روپیہ
PAKISTAN
COURT FEE

# بعدالت جناب سنئیر سول جج صاحب جہلم

صغیر احمد **بنام** امتیاز احمد وغیرہ

## دعویٰ استقرار حق

## درخواست بمراد تقرر فرمائے جانے لوکل کمیشن بغرض ملاحظہ موقع

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض گزار ہے۔

۱۔ یہ کہ مقدمہ عنوان بالا عدالت جناب میں زیر سماعت ہے۔ جس کی امروز تاریخ پیشی مقرر ہے۔

۲۔ یہ کہ مدعی مالک قابض اراضی تعدادی 5 مرلے محدود بحدود ذیل مشرق مکان عمر، مغرب حویلی و مکان صغیر احمد تعدادی 13 مرلے بشکل حویلی، شمال گلی شارع عام، جنوب مکان محمد اشرف واقع اندر آبادی دیہہ موضع بیگ پور تحصیل و ضلع جہلم آباؤ اجداد سے ہے۔

۳۔ یہ کہ مدعا علیہ کی والدہ کے حق میں ایک ہبہ نامہ ہوا۔ جس کے تحت مکان تعدادی 9 مرلے اور 4 مرلے، جائے سفیدہ کی ملکیت منتقل ہونا ظاہر کی گئی جو اس 9 مرلے مکان اور 4 مرلے سفیدہ جو ملحقہ ہیں اور 13 مرلے اراضی معہ مکان و حویلی جس پر مدعی بطور مالک و قابض ہے اور رہائش پذیر ہے جبکہ اس رقبہ 13 مرلے کے جانب مشرق اراضی سفیدہ 5 مرلے جو اولاً عبداللہ جو مدعی کے دادا کے ماموں تھے اور لا ولد فوت ہوئے ان کی جو اراضی جائے سفیدہ تعدادی 5 مرلے والدم محمد شریف کے حصہ میں آئی اور وہ اراضی متدعویہ پر قابض ہو گئے اس وقت سے آج تک قبضہ والدم اور اب مدعی کا ہے۔ مدعا علیہ کا کوئی تعلق واسطہ اراضی متدعویہ سے نہ ہے۔

۴۔ یہ کہ سائل کا مکان متدعویہ ہبہ والا مکان تعدادی 9 مرلے و 4 مرلے حویلی جائے سفیدہ مکان کے علاوہ ہے۔

۵۔ یہ کہ مسئول علیہم جان بوجھ کر فراڈ اور دھوکہ دہی سے موقع کی صورتحال کو غلط طریقے سے پیش کرتے ہیں اور مکان متدعویہ جو سائل بنا رہا ہے کو فراڈ اور دھوکہ دہی سے ہتھیانا چاہتے ہیں لہذا اصل صورتحال کی تعیین کے لیے لوکل کمیشن مقرر فرمایا جانا ضروری ہے تاکہ اصل صورتحال موقع عدالت جناب کے سامنے آسکیں۔

۶۔ یہ کہ اصل صورتحال موقع کے تعیین کی خاطر لوکل کمیشن کا تقرر فرمایا جانا ضروری و قرین انصاف ہے۔

اندریں حالات استدعا ہے کہ درخواست ہذا منظور فرما کر لوکل کمیشن کا تقرر فرمایا جاوے اور موقع کی صورتحال کی بابت رپورٹ عدالت حضور پیش کرنے کا حکم صادر فرمایا جائے۔

مورخہ:

عــــــــــــــرضــــــــــــــے

صغیر احمد ولد محمد شریف قوم مغل برلاس ساکن بیگ پور تحصیل و ضلع جہلم (سائل)

بذریعہ کونسل: راجہ شاہد محمود ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، جہلم